© rasailojaraid.com



# نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر خالد شبیر احمد

موج ہے اُن کی ساحل ساحل — عظمت اُن کی منزل منزل
گونج رہی ہے قریہ قریہ — کوہِ حرا سے صوتِ مُنزّل
راہِ ہدایت آپ کا رستہ — غیر نہیں ہیں اس میں حائل
ان کی طلب میں پھول ہیں مجھ کو — طوقِ گلو ، زنجیرِ سلاسل
شوق ہے ان کا وافر وافر — رنگ جنوں بھی جس میں شامل
ان سے خوب ہے رشتہ میرا — وہ آقا ہیں میں ہوں سائل
جگ مگ جگ مگ اُن کی دنیا — شہر طیبہ ، نورِ مُنزّل
سدرہ تک ہیں عرش اڑانیں — خُلد نشاں ہے میری منزل
درد نبی کا میرے دل میں — درد یہی ہے ، زیست کا حاصل
نورِ نبی روشنیوں سے — ظلمتِ شب ہے ، زائل زائل
فضلِ خدا سے میرے نبی ہیں — خاتم ، خاتم ، کامل ، کامل
حمد وہی ہے ، نعت وہی ہے — جس میں آپ کا ذکر ہے شامل

خالؔد مجھ پہ فضل ہے اُن کا
ورنہ میں تھا کب اس قابل



© rasailojaraid.com